© rasailojaraid.com

## ’’وفاق‘‘ کی قدیم فاضلات کیلئے خوشخبری

☆...... وفاق کے تحت بنات کا آٹھ سالہ نصاب تعلیم طالبات کے مسائل کی وجہ سے چار سال میں مکمل کروایا جاتا تھا۔لیکن ہائر ایجوکیشن کمیشن کے ضابطہ کے مطابق دورہ حدیث کے وقت عمر بیس سال اور اسناد میں دو دو سال کا وقفہ ہونا ضروری ہے۔جس کی وجہ سے فاضلات کو ہائر ایجوکیشن کمیشن سے معادلہ سند (مساوی ایم اے عربی، ایم اے اسلامیات) کے حصول میں مشکلات تھیں۔

☆...... چنانچہ وفاق کی مجلس عاملہ نے قدیم فاضلات وفاق سے تکمیل کے امتحانات لینے کا فیصلہ کیا۔اس پالیسی کے تسلسل میں وفاق کی مجلس عاملہ نے اپنے اجلاس منعقدہ یکم و دو صفر المظفر 1438ھ مطابق 2،3 نومبر 2016ء میں طے کیا کہ قدیم فاضلات وفاق کے امتحانات ’’وفاق‘‘ کے سالانہ وضمنی امتحان کے ساتھ ہوتے رہیں گے، جب تک اس کی ضرورت محسوس کی جائے گی۔

### میٹرک پاس فاضلات

☆...... ایسی فاضلات وفاق جنہوں نے ’’وفاق‘‘ کے تحت مکمل امتحانات پاس کئے ہیں اور ثانویہ عامہ سے پہلے میٹرک کا امتحان پاس کیا ہے، ان سے تکمیل کا ایک امتحان، عالمیہ کے پہلے امتحان سے دو سال کے وقفے کے ساتھ، جدید نصاب تعلیم کے مطابق لیا جائے گا۔

☆...... اس امتحان کی فیس مبلغ 3000 روپے ہے۔

☆...... اس امتحان کے وقت فاضلہ کی عمر کم سے کم 20 سال ہونا ضروری ہے۔

☆...... داخلہ فارم کے ساتھ تمام اصل اسناد مع کشف الدرجات اور شناختی کارڈ وسند میٹرک کی مصدقہ کاپی لف کرنا ضروری ہے۔

### غیر میٹرک فاضلات

☆...... ایسی فاضلات جنہوں نے ’’وفاق‘‘ کے تحت مکمل امتحانات پاس کئے ہوں اور ثانویہ عامہ سے پہلے میٹرک کا امتحان پاس نہ کیا ہو (عامہ کے بعد میٹرک کا اعتبار نہ ہوگا)، ان سے تکمیل کے دو امتحانات، جدید نصاب تعلیم کے مطابق لئے جائیں گے۔ان دونوں امتحانات کے درمیان دو سال کا وقفہ لازم ہوگا۔

☆...... پہلے امتحان کی فیس مبلغ 2000 روپے اور دوسرے امتحان کی فیس مبلغ 1500 روپے ہے۔

☆...... پہلے امتحان کے وقت فاضلہ کی عمر کم سے کم 18 سال ہونا ضروری ہے۔

☆...... داخلہ فارم کے ساتھ تمام اصل اسناد مع کشف الدرجات اور شناختی کارڈ یا فارم ’’ب‘‘ کی مصدقہ کاپی لف کرنا ضروری ہے۔

نوٹ: (1)......سالانہ امتحان کے لئے قدیم فاضلات کے داخلے یکم ربیع الاول سے 30 جمادی الاولیٰ تک وصول کئے جائیں گے۔

(2)...... قدیم فاضلات کے داخلہ فارم وفاق کی ویب سائٹ پر موجود ہیں، حسب ضرورت دفتر وفاق سے بھی طلب کیے جاسکتے ہیں۔

(3)...... اہلِ مدارس سے گزارش ہے کہ اپنی فاضلات سے رابطہ کریں اور ان امتحانات میں ان کی شرکت کو یقینی بنائیں، نیز کوشش کی جائے کہ تمام فاضلات کے داخلہ فارم اکٹھے بھجوائے جائیں۔

### وفاق کے کم عمر قدیم فضلاء کا امتحان

ایسے فضلاء جنہوں نے ’’وفاق‘‘ کے تحت آٹھ سالہ نصاب پڑھا اور ترتیب سے مکمل امتحانات پاس کیے ہوں، لیکن فراغت کے وقت عمر 20 سال سے کم تھی، عمر پوری ہونے پر وہ دوبارہ امتحان دے سکتے ہیں۔یہ فضلاء یکم ربیع الاول سے 30 جمادی الاولیٰ تک داخلے بھجوا سکتے۔داخلہ فارم کے ساتھ تمام اصل اسناد لف کرنا ضروری ہے۔داخلہ فیس مبلغ 3000 روپے ہے۔

### وفاق المدارس کے سالانہ امتحان کی تاریخ

’’وفاق المدارس‘‘ کے تحت درجہ کتب کے سالانہ امتحانات 25 تا 30 رجب المرجب 1438ھ مطابق 22 تا 27 اپریل 2017ء بروز ہفتہ تا جمعرات ہونگے۔جبکہ درجہ حفظ کے امتحانات 13 تا 22 رجب المرجب 1438ھ مطابق 10 تا 19 اپریل 2017ء ہونگے۔ان شاء اللہ۔

© rasailojaraid.com